BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

## سٹی آف برامپٹن نے مائی مین اسٹریٹ کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے چھ مین اسٹریٹ ایریاز کی بحالی کے لیے 945K$ کی سرمایہ کاری حاصل کر لی ہے

برامپٹن، آن (24 جنوری 2022) – سٹی آف برامپٹن کے لیے مائی مین اسٹریٹ لوکل بزنس ایکسلریٹر پروگرام کے ذریعے برامپٹن کی اِن چھ مین اسٹریٹ کمیونٹیز کی بحالی میں مدد دینے کے لیے 945,000$ کی ناقابل واپسی سرمایہ کاری کی منظوری دے دی گئی ہے: ڈاؤن ٹاؤن، ماؤنٹ پلیزنٹ، اپ ٹاؤن، کینیڈی روڈ (اورینڈا کورٹ تا گلیڈن روڈ کے جنوب تک)، برامالیہ GO اور کوئین اسٹریٹ (سنٹر اسٹریٹ سے 410، ڈکسی روڈ تا برامیلیہ روڈ اور ٹوربرم روڈ سے CN ریل لائن تک)۔

ان چھ مین اسٹریٹ کمیونٹیز کو سٹی کے اکنامک ڈیولپمنٹ آفس کے اندر ایک وقف شدہ مین اسٹریٹ ایمبیسیڈر کی معاونت حاصل ہو گی۔ اس پروگرام کے حصے کے طور پر، کمیونٹیز نئے اور موجودہ چھوٹے کاروباروں کی مدد کے لیے اپنی مرضی کے مطابق مارکیٹ ریسرچ، ڈیٹا کا تجزیہ اور ناقابل واپسی فنڈنگ شراکتیں بھی حاصل کریں گی۔

یہ پروگرام دو سال کے اندر پایہ تکمیل کو پہنچایا جائے گا اور اس کی توجہ متحرک اور جامع مقامی مرکزی سڑکوں کو بنانے اور برقرار رکھنے پر مرکوز ہو گی، جبکہ اس کا مقصد مرکزی گلیوں میں موجود رہائشیوں، نئے کاروباری افراد اور موجودہ کاروباروں کو اقتصادی مواقع فراہم کرنا ہے۔

کووڈ-19 وبائی مرض کے ردعمل میں، حکومت کینیڈا نے، فیڈرل اکنامک ڈیولپمنٹ ایجنسی فار سدرن اونٹاریو (FedDev Ontario) کے ذریعے کینیڈین اربن انسٹی ٹیوٹ (CUI) اور اکنامک ڈویلپرز کونسل آف اونٹاریو (EDCO) کے لیے 23.25 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے، جس کے تحت مائی مین سٹریٹ کا قیام عمل میں لایا جائے گا — یہ ایک دو سالہ پروگرام ہے جس کے ذریعے جنوبی اونٹاریو میں پروگرام کے دو مراحل کی مدد سے مرکزی سڑکوں اور مقامی کاروباروں کی بحالی اور تزہین و آرائش میں مدد ملے گی۔

مائی مین سٹریٹ لوکل بزنس ایکسلریٹر پروگرام پر EDCO عمل درآمد کر رہا ہے، جو 65 مین سٹریٹ کمیونٹیز کی بحالی میں معاونت فراہم کرے گا اور پورے جنوبی اونٹاریو میں 650 سے زیادہ مقامی کاروباروں کے لیے ناقابل واپسی سرمایہ کاری کرتے ہوئے انہیں معاونت فراہم کی جائے گی۔

پروگرام کی تفصیلات اور مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: www.mymainstreet.ca یا برامپٹن انٹرپینئور سنٹر کے ساتھ Bec@brampton.ca پر رابطہ کریں۔

**اقتباسات**

" برامپٹن ایک مواقع کا شہر ہے اور ہم اپنے مقامی کاروباروں کی مدد کے لیے وقف ہیں اور اس کے لیے ہم مل جل کر کووڈ-19 وبائی بیماری کے اثرات پر قابو پانے کے لیے کام کرتے ہیں۔ حکومت اور تمام سطحوں کے کمیونٹی پارٹنرز کا باہمی تعاون اس کامیابی کے حصول میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ ہم مائی مین اسٹریٹ لوکل بزنس ایکسلریٹر پروگرام کے ذریعے اپنے شہر بھر کی چھ کمیونٹیز کی معاونت کے لیے 945,000$ وصول کرنے پر شکر گزار ہیں۔ یہ ہمارے عظیم شہر میں مقامی کاروباروں کی حمایت اور ان کے لیے مارکیٹ کے مواقع کو بڑھانے میں ہماری مدد کرے گا۔"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"مرکزی گلیوں کی کمیونٹیز شہر کی معیشت میں مرکزی کردار ادا کرتی ہیں اور اکثر وہ جگہ ہوتی ہیں جہاں کمیونٹی کی تعمیر ہوتی ہے اور تعلقات بنتے ہیں۔ ہم FedDev اونٹاریو میں اپنے شراکت داروں کی جانب سے اس اہم سرمایہ کاری کے لیے شکر گزار ہیں اور ان

اقتصادی مواقع کا تجربہ کرنے کے منتظر ہیں جو یہ ہمارے رہائشیوں، نئے کاروباری افراد اور برامپٹن کی ان چھ مین اسٹریٹ کمیونٹیز کے موجودہ کاروبار کے لیے لے کر آئیں گے۔ "

*- مارٹن میڈیروس، ریجنل کونسلر، وارڈز 3 اور 4؛ چیئر، اکنامک ڈیویلپمنٹ، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن کے لیے مائی مین اسٹریٹ کے ذریعے 945,000$ کا تعاون ہماری مین اسٹریٹس کو فروغ دینے کے عمل کو یقینی بنانے میں مدد فراہم کرے گا اور ہم اس کی مدد سے کووڈ-19 وبائی بیماری کے اثرات سے نکل کر آگے بڑھنے کے قابل ہو سکیں گے۔ یہ چھ کمیونٹیز ہمارے شہر کی معیشت میں مرکزی حیثیت رکھتی ہیں اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنے سے ہمارے پورے شہر کو فائدہ حاصل ہو گا۔"

*- پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ وائس چیئر، اکنامک ڈیولپمنٹ، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی کی جانب سے، ہم برامپٹن بھر کے رہائشیوں اور کاروباروں کو کافی مقامی سرمایہ کاری اور شراکت داری کے ذریعے مفید مواقع فراہم کرنے کے لیے وقف ہیں۔ مائی مین سٹریٹ لوکل بزنس ایکسلریٹر پروگرام کا تعاون ہماری کمیونٹی میں سرمایہ کاری لائے گا اور ہمارے شہر کی ترقی اور فروغ میں بھرپور مدد فراہم کرے گا۔ ہم اپنے پارٹنرز کے ساتھ مل کر کام کرتے رہیں گے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہمارے شہر کے پاس وہ ٹولز موجود ہوں جن کی اسے ترقی کرنے کے لیے ضرورت ہے۔"

*- ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

"کینیڈا کی حکومت ان چیلنجوں کو تسلیم کرتی ہے جن کا سامنا سٹریٹ کے اہم کاروباروں کو وبائی بیماری کے نتیجے میں کرنا پڑ رہا ہے اور ہم اس بحران کو کم کرنے میں مدد دینے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ مائی مین اسٹریٹ جیسے پروگرام مقامی کاروباروں کے لیے اہم مالی معاونت اور خدمات پیش کرتے ہیں کیونکہ وہ ایسے نئے اور جامع اقتصادی مواقع کو اپنانے اور تخلیق کرنے کے طریقے تلاش کرتے ہیں جو ان کی مرکزی سڑکوں کو دوبارہ بحال اور متحرک ہونے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔"

*عزت مآب ہیلینا جیکزیک، منسٹر برائے فیڈرل اکنامک ڈیولپمنٹ ایجنسی فار سدرن اونٹیریو*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 75,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca